سےنہایت عرق ریزی سے حضرت صدرالشریعہ کی سیرت وسوانح کشید کر کے بقول حضرت استاذ العلماء علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری کے ، ۔ تحقیق کا حق ادا کردیا ہے ۔ تحریر سے اندازہ ہوتا ہے کہ مؤلف نہایت باصلاحیت نوجوان ہیں۔ ان کی اس کاوش کو حلقۂ امام احمد رضا میں پذیرائی حاصل ہوئی ہے۔خدا کرے کہ وہ مزید تصنیف و تالیف کا کام کریں مگر کسی خول میں بند ہو کر کسی مخصوص لیبل کے ساتھ نہیں ،بلکہ وسیع کینوس میں وسعتِ نظری کے ساتھ اسلام کی سربلندی کے لئے۔ رب کریم ہماری اس دعاء اور ان کی مساعی جمیلہ کو قبول فرمائے (آمین)

حضرت امامِ اعظم رحمۃ اللہ علیہ پر کتاب کی اشاعتِ نو

نام کتاب : سراج الامہ امام الائمہ حضرت سیدنا امام اعظم رضی اللہ عنہ

تصنیف : علامہ سید شاہ تراب الحق قادری

ناشر : افکارِ اسلامی اسلام آباد رکراچی صفحات : ۳۵۶

ہمیں یہ کتاب ۲۳ دسمبر ۲۰۰۳ء کو شاہ صاحب کے اپنے دستخطوں کے ساتھ اس وقت موصول ہوئی جب جنوری کا شمارہ بالکل تکمیل کے مراحل میں تھا، چنانچہ اس پر تبصرہ ادھار رہا، مختصر سا تعارف نقد پیشِ خدمت ہے۔ حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی سوانح حیات پر اردو میں لکھی جانے والی کتابوں میں یہ ایک عام فہم اور معلومات افزا کتاب ہے۔اس کے ۱۸ ابواب ہیں اور ہر باب حضرتِ امام اعظم کی سوانح کا ایک خاص گوشہ واکر تا ہے، امام صاحب کی سوانح کے علاوہ اس میں دیگر کئی مباحث بھی شامل ہیں مثلاً فقہ کی ضرورت، فقہ کی فضیلت، فقہاء کی فضیلت، فقہی احکام کی تقسیم، مذہبِ حنفی کے اصول، فقہ حنفی کی تدوین، فقہ حنفی کے بعض مختلف فیہ مسائل، ضرورتِ تقلید، امام بخاری پر نقد، .....وغیرہ۔ کتاب پر، مفتی محمد عبدالحکیم شرف قادری صاحب، علامہ عبدالرزاق بھترالوی صاحب کی تقریظ اور پروفیسر سید عبدالرحمٰن شاہ صاحب بخاری الحق ، کی تقدیم ہے۔کتاب سنی مکتبات پر دستیاب ہے ۔اور سستی ہے۔ طلبۂ مدارسِ اسلامیہ حضرت شاہ صاحب کے توسط سے کتاب مفت بھی حاصل کر سکتے ہیں کہ وہ اس معاملہ میں بہت کریم ہیں۔ اگرچہ ہمیں اس کا تجربہ تو نہیں تاہم شنید ہے کہ بہت سی کتابیں اپنی جیبِ خاص اور حلقہ احباب سے وہ مدارس و مساجد نیز "ہم جیسے فقیر طلبۂ علم" کو ہدیہ کرواتے رہتے ہیں۔(ے شاہاں چہ عجب گر بنوازند گدا را) وواللہ اعلم بالصواب ....(شاہتاز)

☆ الامور بمقاصدھا ☆ اعمال کے احکام ان کے مقاصد کے مطابق ہوتے ہیں ☆